

# سرِ ورق تصویر کا تعارف

## ”خداوند یسوع مسیح کا توما کی موجودگی میں شاگردوں پر ظاہر ہونا“

## یسوع توما پر رحم کرتا ہے۔

آٹھ دن کے بعد شاگرد پھر اندر تھے اور توما ان کے ساتھ تھا۔ (یوحنا 26:20) یسوع شاگردوں کو اکیلا چھوڑتا ہے تاکہ وہ اس کے بغیر جینا سیکھیں۔ لیکن آج اپنے جی اٹھنے کے آٹھ دن بعد پہلی بار یسوع خود کو ان پر ظاہر کرتا ہے۔ وہ انہیں ہفتہ وار ملاقات جو سبت کے بعد ہو گی تیار کرتا ہے۔ اس روز سے وہ ہمیشہ اپنے مکمل وجود، بدن و خون کے ساتھ ان کے درمیان ہو گا۔ آج توما بھی موجود ہے۔ وہ شاگرد جو پہلی دفعہ حاضر نہیں تھا۔ وہ دوسرے شاگردوں کی خوشی اور باتوں کو ماننے سے انکاری ہوتا ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ اس کا قد ایمانداروں کے قد و قامت کو نہیں پہنچتا۔ وہ سمجھتا ہے کہ جو اس کے ہاتھ کی انگلیاں اور آنکھیں تجربہ کرتی ہیں۔ وہی اس کے ایمان کی بنیاد ہے۔ لیکن ایسا ہرگز نہیں۔ ایمان تب ہوتا ہے جب بھروسہ کیا جاتا ہے۔ اور بھروسہ خود کی منفی نہیں کرتا ایسے ہی دوسروں کے لئے بھی۔ اس کے دل میں ایمان تب پیدا ہو گا جب وہ یسوع کے پُر محبت رحم کا

سامنا کرے گا۔

اور اب یسوع ان کے درمیان ہے۔ ایسے نہیں جیسے ہمیشہ ان کے ساتھ ہوتا تھا۔ دراصل وہ اپنے ہاتھ اور پسلی اِسے دکھاتا ہے۔ تاکہ وہ جان سکیں اور پہچان لیں ناصرف چہرہ آواز یا لباس بلکہ مصلوب کے زخم بھی۔

وہ بند جگہ میں داخل ہوتا ہے۔ سب سے اوپر والی منزل کے کمرے میں ۔ بند دروازوں کے ساتھ۔ سرخ پردہ واضع کر رہا ہے کہ ہم اندرونی حدود میں ہیں۔ سرخ پردہ جو کہ الٰہی حکمت کا نشان ہے اور عمارت کو سموئے ہوئے ہے۔ یسوع تخت پر کھڑا ہے وہ بادشاہ ہے، جیسے کہ اس نے پلاطوس پر ظاہر کیا۔

اس کا کُرتا سرخ ہے۔ کیونکہ اس کا جسم الوہیت کی بھرپوری ظاہر کرتا ہے۔ یعنی وہ محبت جو خود کو نچھاور کرتی ہے۔ اس کا سفید لباس ہے، جیسے کو وہِ مقدس پر، جو کہ روح القدس کے دم سے جنبش کرتا ہے۔ اس نے موت پر فتح پائی ہے جو کہ انسان کی آخری دشمن ہے۔ اب انسان کے پاس کوئی ایسا دشمن نہیں جو اسے ڈرا سکے۔ یا اس پر فتح پا سکے۔ یسوع اب مرنے کا نہیں۔ وہ توما بے اعتقاد کو انگلی سے خود کو چھونے دیتا ہے۔ جبکہ دوسرے بارہ مزید اس سے بھی زیادہ حیرانگی

سے اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

کیا جی اٹھا یسوع چھوا جا سکتا ہے؟ لیکن پھر بھی وہ خود اسے اکساتا ہے کہ اپنی انگلی یہاں رکھ۔۔۔ اور غیر معتقد نہیں بلکہ معتقد بن۔ (یوحنا 20:27)

پسلی میں نیزے کا زخم ٹامس کے ہاتھ کو قبول کرتا ہے اور اب وہ اس کے سامنے دوزانو ہو جاتا ہے۔ تا کہ اعلان کر سکے: ''اے میرے خُداوند اے میرے خُدا۔'' (یوحنا 20:28) ایمان اچانک حلیمی کے ساتھ در آتا ہے۔ جو عقل کو مات کرتا ہے۔ ٹامس اب جینا شروع کرتا ہے۔ اس کا لباس سبز ہے۔ جو زندگی کا نشان ہے۔ اور اس کا لبادہ سرخ، کیونکہ فرمانبردار حلیمی اسے خدا کی حکمت سے ملبس کر دیتی ہے۔

تو ما اب تیرے لئے جگہ چھوڑتا ہے۔ تو بھی چھونے کے لئے قریب آ۔

# اظہارِ تشکر



"خدا کا کلام زندہ اَور موثر ہے اور قلب کے خیالوں اور ارادوں کو بھی جانچتا ہے"۔

(عبرانیوں 12:4)

زندگی خُدا کی خوبصورت تالیف ہےَ جو محاسن و اصاف سے متعف کردی گئی اور انسان اسکی جیتی جاگتی تصویر ہے خدا نے ہمیں اپنی مہربانیوں سے خاص، منفرد اور پُر فضل نعمتیں عطا کی ہیں۔ جن کی بدولت ہم خُداوند کی محبت اور اُسکی کاریگری کا اندازہ لگاتے ہیں۔ وہ ہم سے اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم نہ صرف اُسکی ذات سے لگاوٗ رکھیں بلکہ اپنے پڑوسی سے بھی محبت اور بھلائی کریں۔ وہ جان خُداوند کی مقبولِ نظر ہےَ جو دوسروں کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دے۔ ہم سکول مشنریز سسٹرز خُداوند اور پڑوسی کی محبت سے سرشار ہو کر کلامِ مقدس کی موثر روزمرّہ کی تلاوتوں اَور اس پر دھیان و گیان کو ایک ڈائری کی صورت میں آپکے سامنے پیش کر رہی ہیں۔ اس ڈائری کا مقصد دیگر شرکاء کے ساتھ خدا کا کلام بانٹنا ہے اور ویٹی کن مجلسِ دوم کی بہت بڑی

خواہش یہ تھی کہ ایماندار کلامِ مقدس کا گہرا علم و عرفان حاصل کریں تا کہ خُدا کا کلام خدا کے لوگوں کے لئے روحانی غذا اور نشو ونما کا ذریعہ ہو۔

حقیقت میں یہ کلینڈر اٹالین زبان میں ''جی اُٹھے یسوع کی برادری'' کی طرف سے شائع ہوا۔ تو اُنہوں نے اُردو زبان کا ترجمہ کرنے کے لئے ہمیں دعوت دی۔



ہم 2023 (تیسرا ایڈیشن) اُردو ترجمہ ڈائری کی صورت میں پیش کر رہے ہیں۔

میں اپنے محسنوں فادر جیلو اور فادر جوزف کی دِل کی اتھاہ گہرائیوں سے مشکور ہوں جنہوں نے اس کلینڈر کو ہماری مادری زبان میں شائع کرنے کے لئے ہمیں متحرک کیا۔ دُعا گو ہیں کہ خُدا باپ اُن کی فراخدلی اور خدمت کو جو اُنہوں نے خدا کے کلام کو پھیلانے کے لئے کی اپنے حضور مقبول فرمائے اور اُنہیں ڈھیروں برکات سے نوازے تا کہ وہ یسوع کے نام کو جلال دیتے رہیں۔

مَیں اپنی مدر جنرل کارمیلا دی اگرستی اَور اپنی ڈیلگیٹ سپیریئر سسٹر نسرین گیان او۔پی کی ممنوں ہوں جنہوں نے ہمیں اجازت دی کہ ہم اس کام کو جاری وساری رکھ سکیں۔

میں اپنی جماعت کی تمام سسٹرز کی بھی شکرگزار ہوں خاص طور پر سسٹر الوینہ برکت او۔پی جنہوں نے اٹالین سے اُردو زبان میں ترجمہ کیا۔ سسٹر ممتاز اور جونیر سسٹرز کے تعاون کا جن کی محنت اور کاوش سے یہ ڈائری کی اشاعت کا کام پایہءِ تکمیل تک پہنچا۔

میں مسٹر عامر جوزف اور اُن کے رفقا کار کی بھی ممنون ہوں جنہوں نے روزمرہ کی تلاوتوں اور دھیان وگیان کو شایان شان لفظوں کا پیراہن پہنا کر مزّین کر کے پیش کیا۔

ہم مقدس دومنیک کی بیٹیاں ہوتے ہوئے اور اُس کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اس ڈائری کے ذریعے ہم بھی لوگوں سے خُدا کے متعلق بات کرنا فخر کی بات سمجھتی ہیں۔

آخر میں میری یہی دُعا ہے کہ یہ نیا سال آپکے اور ہمارے لئے ڈھیروں خوشیاں اور برکات لے کر آئے تاکہ ہم خدا اور اُس کے کلام کی محبت میں بڑھتے جائیں۔ آمین

سسٹر مارتھا فرانس او۔پی

# اظہارِ خیال

یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان کو اپنی ایمانی تراوت تروتازگی کے



لئے ہردم کوشاں رہنا چاہیےاوراس کے لیے
ہمیں راہنماؤں کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو
کہ اپنی کاوشوں اور خداوند کی قربت میں
رہتے ہوئے  ہماری روحانی زندگی کو مزید بہتر بنانے کی کوشش
کرتے رہتے ہیں۔

اِسی حقیقت کو عملی جامہ پہنانے اور اپنی قوم کے روحانی
طور پر بہتر مستقبل کے لئے محترمہ سسٹر مارتھا او۔پی اور ان کی
کمیونٹی نے بڑی عرق ایزی سے یہ شاندار اور اپنی نوعیت کے
واحد لطّوریائی کیلنڈر کو تیار کیا ہے تاکہ ہر پڑھنے والے کی روزانہ
بہتر راہنمائی ہوسکےاور وہ خداوند کے فضل اور اس کے علم میں ترقی
کرتے جائیں۔

میری خواہش ہے یہ تمام مومنین میں خدا کے کلام کو
پڑھنے کا شوق اور محبت پیدا کرے خاص کروہ روزمرّہ کی تلاوتوں
اور دھیان و گیان کو سمجھ سکیں۔ یہ ڈائری ہم سب کے لیے روحانی
اطمینان اور ایمان تقویت کا وسیلہ بنے۔

سسٹر الوینہ برکت او۔پی




کارمیلادی اگرستی (موجودہ سپرئیر جنرل)



مدر لوئیزہ تنکائی (سکول مشنریز سسٹرز جماعت کی بانیہ)



سسٹر نسرین گیان (ڈیلیگیٹ سپرئیر)



پاکستان سکولز میں مشنریز سسٹرز

# پاکستان سکولز میں مشنریز سسٹرز کی سرگرمیاں
















# پاکستان سکولز میں مشنریز سسٹرز کی سرگرمیاں





















# 2024

## January

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | 31 | | | |

## February

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | | |

## March

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 31 | | | | | | |

## April

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | | | | |

## May

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
| 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 |
| 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | |

## June

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
| 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 |
| 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 |
| 30 | | | | | | |

## July

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 |
| 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 |
| 28 | 29 | 30 | 31 | | | |

## August

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 |
| 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 |
| 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 |

## September

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | | | | | |

## October

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 |
| 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 |
| 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 |
| 27 | 28 | 29 | 30 | 31 | | |

## November

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |

## December

| S | M | T | W | T | F | S |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 |
| 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 |
| 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 |
| 29 | 30 | 31 | | | | |